## اطلاع سالانہ اجلاسِ عام

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ لال پیر پاور لمیٹڈ (''کمپنی'') کے ارکان کا سالانہ اجلاسِ عام 30 اپریل 2018ء (سوموار) بوقت صبح 11:00 بجے نشاط ہوٹل (ایمپوریم مال)، ٹریڈ اینڈ فنانس سنٹر بلاک، نزد ایکسپو سنٹر، عبدالحق روڈ، جوہر ٹاؤن، لاہور میں درج امور کی انجام دہی کیلئے منعقد ہوگا۔

1۔ 31 دسمبر 2017ء کو ختم ہونے والے سال کیلئے کمپنی کی نظر ثانی شدہ مالی معلومات معہ ڈائریکٹران اور آڈیٹران کی رپورٹس کی وصولی غور وخوض اوران کی قبولیت۔

2۔ حتمی نقد منافع منقسمہ بشرح 10% (یعنی -/1 روپے فی عام شیئر) کی منظوری جیسا کہ بورڈ آف ڈائریکٹران نے سفارش کیا۔ پہلے ہی اداشدہ 10% عبوری منافع منقسمہ کے علاوہ کی منظوری دینا۔

3۔ قانونی آڈیٹرز کا تقرر اوران کے مشاہرہ کا تعین کرنا۔ آڈٹ کمیٹی اور بورڈ نے کمپنی کے آڈیٹرز کے طور پر دوبارہ تقرری کے لئے ریٹائر ہونے والے آڈیٹرز میسرز ریاض احمد اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کے نام کی سفارش کی ہے۔

**4۔ خصوصی امور:**

A۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارشات کے مطابق کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ 199 کے تحت درج ذیل قرارداد کو معہ یا بلا ترمیم، اضافہ یا خاتمہ کے بطور خصوصی قراردادوں پر غور وخوض اور اگر بہتر خیال کیا گیا تو منظور کرنا۔

قرار پایا کہ لال پیر پاور لمیٹڈ (دی ''کمپنی'') کے ممبران کی منظوری ہے اور بذریعہ ہذا ممبران کی طرف سے منظوری کی تاریخ سے شروع ایک سال کی مدت کیلئے ورکنگ کیپٹل قرضہ کی صورت میں پاک جن پاور لمیٹڈ ("Pakgen") ایک شریک کمپنی میں -/1,000,000,000 پاکستانی روپے (ایک بلین پاکستانی روپے صرف) تک سرمایہ کاری کیلئے کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ 199 کی شرائط کے مطابق مہیا کیا گیا جو قرض کی کسی بھی بقایا رقم پر منافع 1 ماہ کے KIBOR کے علاوہ 0.50 فیصد (جو کمپنی کے اوسط قرضوں کے حصول کی لاگت سے کم نہیں ہوگا) اور ممبران کو تحریری اور منکشف معاہدہ کی دیگر شرائط وضوابط کے مطابق ہے۔

مزید قرار پایا کہ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور/یا چیف فنانشل آفیسر اور/یا کمپنی سیکرٹری مذکورہ بالا قرارداد پر تعمیل کے مقصد کیلئے تمام عوامل، معاملات، کام اور چیزیں کرنے اور تمام قانونی لوازمات مکمل کرنے کیلئے کسی یا تمام ضروری اقدامات اُٹھانے اور تمام ضروری دستاویزات جو ضروری یا حادثاتی ہوں داخل کرنے کے واحد مختار اور مجاز ہیں۔

لاہور

22 مارچ 2018ء

حسب الحکم بورڈ

(خالد محمود چوہان)

**کمپنی سیکرٹری**

**نوٹ:**

### 1۔ اطلاع کتابوں کی بندش

کمپنی کے عام حصص کی منتقلی کتابیں، 10% حتمی نقد منافع منقسمہ یعنی -/1 روپے (ایک روپے صرف) فی شیئر اور سالانہ اجلاس عام میں شرکت اور ووٹ کے استحقاق کیلئے 20-04-2018 تا 30-04-2018 (بشمول ہر دو ایام) بند رہیں گی۔ مادی منتقلیاں/CDS ٹرانزیکشنز/IDs، شیئر رجسٹرار، دفتر، سنٹرل ڈیپازٹری کمپنی پاکستان، سی ڈی سی ہاؤس، B-99 بلاک B، S.M.C.H.S مین شارع فیصل کراچی میں 19 اپریل 2018ء کو دوپہر ایک بجے تک وصول ہونیوالی مذکورہ 10% حتمی نقد منافع منقسمہ کے استحقاق اور اجلاس میں شرکت کیلئے بروقت تصور ہوں گی۔

### 2۔ اجلاس میں شرکت

اجلاس ہذا میں شرکت اور ووٹ دینے کا اہل ممبر اپنی بجائے شرکت اور ووٹ دینے کیلئے کسی دوسرے ممبر کو اپنا پراکسی مقرر کرسکتا/سکتی ہے۔ پراکسی تقرری کے آلات اور مختار نامہ یا دیگر اتھارٹی جس کے تحت یہ دستخط شدہ ہے یا مختار نامہ کی نوٹرلی مصدقہ کاپی اجلاس کے انعقاد کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں لازماً پہنچ جانی چاہئیں۔ پراکسی کمپنی کا ممبر لازماً ہونا چاہئے۔ پراکسی فارم کمپنی کی ویب سائٹ: http://www.lalpir.com پر دستیاب ہے۔

ممبران، جو اپنے حصص سنٹرل ڈیپازٹری کمپنی پاکستان لمیٹڈ میں جمع کرا چکے ہوں سے التماس ہے کہ اجلاس کے مقام پر اپنا اصل قومی شناختی کارڈ بمعہ سی ڈی سی پارٹیسپنٹ آئی ڈی اور اکاؤنٹ نمبر اپنے ہمراہ لائیں۔

ممبران، جو اپنے حصص سنٹرل ڈیپازٹری کمپنی پاکستان لمیٹڈ میں جمع کرا چکے ہوں کو مزید برآں سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن پاکستان کی طرف سے سرکلر نمبر 1 آف 2000 کے تحت دی گئی مندرجہ ذیل گائیڈ لائنز کی پیروی کرنا ہوگی۔

A۔ اجلاس میں شرکت کیلئے

a۔ بصورت افراد اکاؤنٹ ہولڈر اور یا سب اکاؤنٹ ہولڈر جن کی رجسٹریشن تفصیلات، سی ڈی سی ریگولیشنز کے مطابق اپ لوڈ ہیں کو اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ دکھا کر اپنی شناخت ثابت کرنا ہوگی۔

b۔ بصورت دیگر کارپوریٹ اینٹٹی، بورڈ آف ڈائریکٹرز قرارداد/مختار نامہ معہ نامزد کے نمونہ دستخط، اجلاس کے وقت مہیا کیے جائیں گے (اگر پہلے مہیا نہیں کیے گئے)۔

B۔ پراکسیز تقرری کیلئے

a۔ بصورت افراد اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا سب اکاؤنٹ ہولڈر جن کی رجسٹریشن تفصیلات، سی ڈی سی ریگولیشنز کے مطابق اپ لوڈ ہیں کو بالا ریکوائرمنٹ کے مطابق پراکسی فارم جمع کرانا ہوگا۔

b۔ پراکسی فارم، دو افراد جن کے نام، پتے اور CNIC نمبرز فارم پر مذکور ہونگے سے گواہی شدہ ہوگا۔

c۔ بینیفشل اونرز اور پراکسی کے CNIC یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقول پراکسی فارم کے ہمراہ جمع کرانا ہوگی۔

d۔ پراکسی، اجلاس کے وقت اپنا اصل CNIC یا اصلی پاسپورٹ مہیا کرے گا۔

e۔ بصورت کارپوریٹ اینٹٹی، بورڈ آف ڈائریکٹرز قرارداد/مختار نامہ معہ نمونہ دستخط، کمپنی کو پراکسی فارم کے ہمراہ جمع کرانا ہوگا (اگر پہلے مہیا نہیں کیے گئے)۔

حصہ داروں سے التماس ہے کہ اگر ان کے پتہ میں کوئی تبدیلی ہو تو فی الفور مطلع فرمادیں۔

کمپنیز ایکٹ 2017ء کی پرویژنز کی پیروی میں، کمپنی کے کل پیڈ اپ شیئر کیپٹل کے کم از کم 10% کے مالک شہر میں سکونتی ارکان کمپنی سے اجلاس میں شرکت کے لئے وڈیو لنک کی سہولت مہیا کرنے کا مطالبہ کر سکتے ہیں۔ وڈیو لنک سہولت کا مطالبہ مذکورہ بالا پتہ پر شیئر رجسٹرار کے ہاں معیاری درخواست فارم پر، جو کمپنی کی ویب سائٹ: www.lalpir.com سے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے، اجلاس کی تاریخ سے کم از کم 7 یوم قبل وصول کیا جائے گا۔

**3۔ ودہولڈنگ ٹیکس کی رعائت**

ڈیویڈینڈ آمدنی سے ودہولڈنگ ٹیکس کی رعائت صرف اس صورت ہوگی اگر کارآمد ٹیکس ایگزیمپشن سٹرٹیفکیٹ ہمارے شیئر رجسٹرار دفتر، سنٹرل ڈیپازٹری کمپنی پاکستان، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک B، S.M.C.H.S.، مین شارع فیصل کراچی میں مہیا کیا گیا۔

**4۔ CNIC کی کاپی کا جمع کرانا (لازمی)**

افراد بشمول مادی شیئر سٹرٹیفکیٹ کے مالک تمام جوائنٹ ہولڈرز سے درخواست ہے کہ براہِ مہربانی اپنے CNIC کی فوٹو کاپی کمپنی یا کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے ہاں جمع کرائیں۔ تمام حصص داران سے دوبارہ درخواست ہے کہ اپنے کارآمد CNIC کی کاپی ہمارے شیئر رجسٹرار، دفتر، سنٹرل ڈیپازٹری کمپنی پاکستان، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک "B"، S.M.C.H.S مین شارع فیصل کراچی کو ارسال کریں۔ حصص داران CNIC ارسال کرتے وقت اپنے متعلقہ فولیو نمبرز اور کمپنی کا نام لازماً تحریر کریں۔

**5۔ زکوۃ ڈیکلیریشن (فارم سی زیڈ۔ 50)**

زکوۃ و عشر قوانین کے تحت ڈیویڈینڈ سے زکوۃ منہا کی جائے گی اور مجوزہ مدت کے اندر متعلقہ اتھارٹی کے ہاں جمع کرائی جائے گی۔

بصورت آپ زکوۃ کی لازمی ڈیڈکشن سے استثنا حاصل کرنا چاہتے ہیں تو براہِ مہربانی زکوۃ اینڈ عشر آرڈیننس 1980ء اور زکوۃ (ڈیڈکشن اینڈ ری فنڈ) رولز 1981 کے رول 4 کے تحت CZ-50 میں اپنی زکوۃ ڈیکلیریشن کمپنی کے شیئر رجسٹرار، سنٹرل ڈیپازٹری کمپنی پاکستان، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک "B" S.M.C.H.S، مین شارع فیصل کراچی کو جمع کرائیں۔ حصص داران زکوۃ ڈیکلریشن ارسال کرتے وقت، جو بھی صورت ہو، کمپنی کا نام اور اپنے متعلقہ فولیو نمبرز / سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبرز لازماً تحریر کریں۔

**6۔ نقد ڈیویڈینڈ کی لازمی ادائیگی بذریعہ برقی طریقہ کار**

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 242 کی پرویژنز کے تحت مندرج کمپنیوں کے لئے ضروری ہے کہ قابل ادا کوئی نقد ڈیویڈینڈ مستحق حصص داران کے منسوب کردہ بینک اکاؤنٹ میں براہِ راست صرف برقی طریقہ کار سے ادا کیا جائے گا۔ بالترتیب، مادی حصص کے حامل حصص یافتگان سے التماس ہے کہ درج ذیل معلومات کمپنی کے شیئر رجسٹرار، کو مندرجہ بالا پتہ پر مہیا کریں۔ سی ڈی سی میں حصص رکھنے کی صورت میں، یہی معلومات کمپنی کو اپ ڈیٹنگ اور فارورڈنگ کے لئے براہِ راست سی ڈی ایس پارٹیسپنٹس کو مہیا کرنی چاہئیں۔

**شیئر ہولڈر کے بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات**

| | |
|---|---|
| فولیو نمبر/انویسٹر اکاؤنٹ نمبر/سی ڈی سی سب اکاؤنٹ نمبر | |
| عنوان بینک اکاؤنٹ | |
| IBAN نمبر | |
| نام بینک | |
| برانچ | |
| برانچ کا پتہ | |
| موبائل نمبر | |
| نام نیٹ ورک (اگر پورٹڈ ہو) | |
| ای میل ایڈریس | |

دستخط حصص دار......................................

**7۔ سالانہ فنانشل سٹیٹمنٹس کی ٹرانسمشن بذریعہ ای میل:**

کمپنیز ایکٹ 2017 کی پرویژنز کی شرائط میں، کمپنی مالی حسابات اپنے ارکان کو برقی طریقہ سے ارسال کرسکتی ہے۔ اس بابت، ارکان اپنی ای میل معلومات معیاری فارم جو کمپنی کی ویب سائٹ یعنی www.lalpir.com پر دستیاب ہے، پر دیں اور مذکورہ فارم شیئر ہولڈر سے باقاعدہ دستخط شدہ معہ اُن کے CNIC کی کاپی، کمپنی کے شیئر رجسٹرار، میسرز سنٹرل ڈیپازٹری کمپنی پاکستان کو ارسال کریں۔

## بیان زیر دفعہ (3)134 کمپنیز ایکٹ 2017ء

بیان ہذا 30 اپریل 2018ء کو منعقد ہونے والے کمپنی کے سالانہ اجلاس عام میں انجام دہی کیلئے خصوصی امور پر مشتمل مادی حقائق کی وضاحت کرتا ہے۔

پاک جن پاور لمیٹڈ (پاک جن) ایک پبلک لمیٹڈ کمپنی 22 جون 1995ء کمپنیز آرڈیننس 1984ء کے تحت قائم ہوئی۔ پاک جن کا رجسٹرڈ دفتر A-53 لارنس روڈ، لاہور پر واقع ہے۔ کمپنی کی اصل سرگرمیاں محمود کوٹ، مظفر گڑھ، پنجاب، پاکستان میں 365 میگاواٹ کی مجموعی صلاحیت کا تیل پر چلنے والا ذاتی بجلی گھر تعمیر، چلانا اور برقرار رکھنا ہیں۔ یہ اس وقت پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ میں درج ہے۔

پاک جن کو اپنے تجارتی قرض کے بقایاجات جو واپڈا سے ادائیگیوں میں تاخیر کی وجہ سے معمول کے مطابق ناپائیدار ہیں کے مسائل درپیش ہیں۔ یہ پاک جن کے لئے لیکویڈیٹی مسائل پیدا کرتا ہے جس کی وجہ سے اسے اپنی ورکنگ کیپٹل ضروریات کو پورا کرنے کے لئے بینکوں اور مالی اداروں سے فنڈز ادھار لینے پڑتے ہیں۔

کمپنی کی اوسط قرض کی شرح اور ٹرم ڈیپازٹ پر بینکوں کی طرف سے پیشکش کردہ ریٹرن پر غور کرتے ہوئے، کمپنی کے ڈائریکٹرز نے 1 ماہ KIBOR + 0.50% کی شرح سود پر پاک جن کو 1 بلین روپے تک ورکنگ کیپٹل قرضہ کی صورت میں قرضہ / پیشگی کی منظوری دی ہے جو کمپنی کی قرض لاگت سے کم نہیں ہوگا۔ قرضہ / پیشگی کی اصل رقم کی واپس ادائیگی ارکان کی طرف سے منظوری کی تاریخ سے ایک سال کے اندر کی جائے گی جبکہ واجب سود کی ادائیگی ماہانہ بنیاد پر کی جائے گی۔ انتظامیہ توقع کرتی ہے کہ لین دین کمپنی اور اس کے حصص داران کیلئے مفید ہوگا کیونکہ یہ کمپنی کے ہاں دستیاب اضافی فنڈز کے منافع کو بڑھائے گا۔

ڈائریکٹرز نے تصدیق کی ہے کہ ارکان کی منظوری کے لئے سفارش کرنے سے قبل مجوزہ سرمایہ کاری کے لئے ضروری محتاط اندازہ لگایا ہے اور باقاعدہ دستخط شدہ سفارش کردہ محتاط رپورٹ پاک جن کے موجودہ مالی حسابات کے ہمراہ اجلاس عام میں ارکان کے ملاحظہ کے لئے دستیاب ہوگی۔

پاک جن کمپنی کی رکن نہیں ہے۔ اس کے اسپانسرز / ڈائریکٹرز کمپنی کے ڈائریکٹرز / ارکان ہیں۔ وہ اپنی ڈائریکٹرشپ اور کمپنی میں اپنے شیئر ہولڈنگ کی حد تک کے سوائے کوئی دلچسپی نہیں رکھتے ہیں، جو کہ درج ذیل ہے:

| نام | فیصد شیئر ہولڈنگ |
|---|---|
| میاں حسن منشا | 6.84 |
| جناب اورنگ ذیب فیروز | 0.00 |

## کمپنیز (شریک کمپنی یا شریک انڈرٹیکنگ میں سرمایہ کاری) ریگولیشنز 2017ء کی ریگولیشن 3 تحت معلومات

| | | | |
|---|---|---|---|
| **(a) تمام اقسام کی سرمایہ کاری کے لئے وضاحت** | | | |
| **(A) شریک کمپنی کی بابت وضاحت** | | | |
| i | نام شریک کمپنی یا شریک انڈرٹیکنگ | پاک جن پاور لمیٹڈ (پاک جن) | |
| ii | تعلق کی بنیاد | مشترکہ ڈائریکٹرشپ | |
| iii | گذشتہ تین سالوں کی آمدنی / (نقصان) فی شیئر | سال | آمدنی فی شیئر (روپے) |
| | | 2017 | 3.53 |
| | | 2016 | 1.39 |
| | | 2015 | 4.29 |
| iv | گزشتہ نظرثانی شدہ مالی حسابات پر مبنی، بریک اپ ویلیو فی شیئر | 31 دسمبر 2017 کے مطابق 41.92 پاکستانی روپے فی شیئر | |

| | | |
|---|---|---|
| v | حالیہ مالی حسابات کی بنیاد پر منافع اور نقصانات کے حسابات اور مالی حیثیت کے حسابات کی اہم آئٹمز سمیت مالی حالت | 31 دسمبر 2017ء کے مطابق اثاثے (000' روپے)<br>غیر موجودہ اثاثے 8,525,637<br>موجودہ اثاثے 18,336,319<br>**کل اثاثے 26,861,959**<br>**کل موجودہ واجبات-(000' روپے)**<br>نقدا یکویٹی 15,604,190<br>آمدنی 2017 19,754,785<br>اخراجات (سی جی ایس + ایڈمن) 17,967,721<br>دیگر آمدنی 205,446<br>ٹیکس کے بعد منافع / نقصان 1,313,977 |
| vi | شریک کمپنی یا شریک انڈرٹیکنگز کے منصوبہ جس نے آپریشنز کا آغاز نہیں کیا کے سلسلہ میں سرمایہ کاری کی صورت میں، درج ذیل مزید معلومات، بنام: | کوئی نہیں |
| | I۔ منصوبہ کی تفصیل اور Conceptualization سے اسکی ہسٹری | کوئی نہیں |
| | II۔ کام کی تاریخ آغاز اور تکمیل کی متوقع تاریخ | کوئی نہیں۔ |
| | III۔ مدت جس میں ایسا منصوبہ تجارتی پیداوار دینا شروع کر دے گا | کوئی نہیں۔ |
| | IV۔ متوقع مدت جس میں منصوبہ سرمایہ کاری پر منافع دینا شروع کر دے گا | کوئی نہیں۔ |
| | V۔ پروموٹرز، اسپانسرز، شریک کمپنی یا شریک انڈرٹیکنگز کی طرف سے لگائے گئے فنڈز یا کی جانے والی سرمایہ کاری پر نقد اور غیر نقد رقوم کے درمیان فرق | کوئی نہیں۔ |
| | **(B) عام وضاحت** | |
| i | زیادہ سے زیادہ رقم اگر سرمایہ کاری کی گئی | 1,000,000,000/- پاکستانی روپے (ایک بلین روپے صرف) |
| ii | مقصد، ایسی سرمایہ کاری سے سرمایہ کار کمپنی اور اس کے ارکان کو حاصل ہونے والے فوائد اور سرمایہ کاری کی مدت | کمپنی اپنے اضافی فنڈز سے آمدنی کمائے گی جو کمپنی کی منافع یابی کو بڑھائے گی۔ |
| iii | سرمایہ کاری کے لئے استعمال ہونے والے فنڈز کے ذرائع اور جہاں ادھار لیے گئے فنڈز استعمال کرنے کا ارادہ ہے | کمپنی کے اضافی فنڈز |
| | I۔ قرضہ کے ذریعے سرمایہ کاری کے لئے جسٹیفکیشن | کوئی نہیں |
| | II۔ ایسے فنڈز کے حصول کے لئے کولیٹرل، مہیا کردہ گارنٹیوں اور پلیجڈ اثاثوں کی تفصیل | کوئی نہیں |
| | III۔ مفاد کے تجزیہ کی لاگت | کوئی نہیں |

| | | |
|---|---|---|
| iv | تجویز کردہ سرمایہ کاری کی بابت شریک کمپنی یا شریک انڈر ٹیکنگ کے ساتھ معاہدات، اگر کوئی ہوں، کی نمایاں خصوصیات | معاہدہ ارکان کی منظوری کے بعد دستخط کیا جائے گا۔ دیگر اہم شرائط وضوابط حسب ذیل ہیں:<br>1۔ قرض کی بقایا رقم پر واجب سود قرضہ کی فراہمی کے اگلے ماہ سے شروع ہر ماہ کی 20 تاریخ کو ماہانہ بنیاد پر شریک کمپنی ادا کرے گی۔<br>2۔ اصل رقم اور سود کی واپسی میں تاخیر کی صورت میں مدت جس کیلئے تاخیر ہوئی کیلئے غیر ادا شدہ رقم پر 2 فیصد فی اینم کے مساوی اضافی رقم معاہدہ شدہ سود کی رقم کے علاوہ کمپنی کو شریک کمپنی ادا کرے گی۔<br>3۔ قرض کے معاہدہ کے تحت تمام ادائیگیاں کراس چیک کے ذریعے کی جائیں گی۔<br>4۔ شریک کمپنی قرض کو محفوظ کرنے کے لئے کارپوریٹ گارنٹی مہیا کرے گی۔ |
| v | شریک کمپنی یا شریک انڈر ٹیکنگ یا زیر غور لین دین میں نظماء، سپانسرز، اکثریتی حصص داران اور ان کے رشتہ داروں اگر کوئی ہو، کی بالواسطہ یا بلاواسطہ دلچسپی | شریک کمپنی یا شریک انڈر ٹیکنگ یا زیر غور لین دین میں بالواسطہ یا بلاواسطہ دلچسپی کی تفصیل حسب ذیل ہے:<br>لال پیر پاور لمیٹڈ کے دو ڈائریکٹرز پاک جن پاور لمیٹڈ میں اس وقت، میاں حسن منشا 3.93% حصص، جناب اورنگ زیب فیروز 0.03% حصص کے مالک ہیں۔<br>لال پیر پاور لمیٹڈ کے کمپنیز ہولڈنگ شیئرز پاک جن پاور لمیٹڈ میں حسب ذیل کے مطابق اپنے شیئر ہولڈنگ کی حد تک دلچسپی رکھتے ہیں۔<br>نام — فیصد<br>نشاط ملز لمیٹڈ — 27.55<br>سکیورٹی جنرل انشورنس کمپنی لمیٹڈ — 1.72<br>آدم جی انشورنس کمپنی لمیٹڈ — 6.89<br>Engen (پرائیویٹ) لمیٹڈ — 17.33<br>پاک جن پاور لمیٹڈ کے کمپنیز ہولڈنگ شیئرز لال پیر پاور لمیٹڈ میں حسب ذیل کے مطابق اپنے شیئر ہولڈنگ کی حد تک دلچسپی رکھتی ہیں:۔<br>نام — فیصد<br>نشاط ملز لمیٹڈ — 28.80<br>سکیورٹی جنرل انشورنس کمپنی لمیٹڈ — 1.80<br>آدم جی انشورنس کمپنی لمیٹڈ — 7.20<br>Engen (پرائیویٹ) لمیٹڈ — 18.17 |
| vi | شریک کمپنی یا شریک انڈر ٹیکنگ میں پہلے سے کی گئی کسی سرمایہ کاری کی صورت میں، کسی خرابی یا تحریری مکمل معلومات / جسٹیفکیشن سمیت ایسی سرمایہ کاری کی کارکردگی کا جائزہ | قابل اطلاق نہیں |
| | لین دین کی سمجھ بوجھ کی بابت ممبران کیلئے کوئی دیگر ضروری اہم تفصیلات | کوئی نہیں |
| **قرضہ / پیشگی کی صورت میں سرمایہ کاری کی بابت اضافی وضاحت** | | |
| i | کیٹگری وائز سرمایہ کاری کی رقم | 1,000,000,000 پاکستانی روپے (ایک بلین روپے صرف) بصورت ورکنگ کیپٹل قرضہ |

| | | |
|---|---|---|
| ii | سرمایہ کار کمپنی کی اوسط قرضہ کی لاگت، متعلقہ مدت کے لئے کراچی انٹر بینک نے شرح (KIBOR)، شریعہ کمپلینٹ مصنوعات کیلئے ریٹرن کی شرح، اور ریٹرن غیر فنڈ ڈ سہولیات کی شرح، جو بھی صورت ہو، متعلقہ مدت کے لئے پیشکش کردہ | 31 دسمبر 2017 کو ختم ہونے والے سال کے لئے کمپنی کی موجودہ اوسط قرضہ کی لاگت 6.39% تھی۔<br>22 مارچ 2018 کے مطابق 1 ماہ KIBOR 6.51% تھا۔ |
| iii | سرمایہ کار کمپنی کی طرف سے وصول کیا جانے والی سود، مارک اپ، منافع، فیس یا کمیشن وغیرہ کی شرح | کمپنی 1 ماہ KIBOR+ 0.50% کی شرح پر مارک اپ وصول کرے گی (جو کمپنی کی اوسط قرض لاگت سے کم نہیں ہوگا)۔ |
| iv | مجوزہ سرمایہ کاری کے سلسلہ میں حاصل کی گئی کولیٹرل یا سیکورٹی کے کوائف | شریک کمپنی قرضہ کو محفوظ کرنے کے لئے کارپوریٹ گارنٹی مہیا کرے گی۔ |
| v | اگر سرمایہ کاری تبدیلی کی خصوصیت رکھتی ہے یعنی یہ سیکورٹیز میں تبدیلی کے قابل ہے، یہ حقیقت معہ شرائط وضوابط بشمول کنورشن فارمولا، حالات جس میں کنورشن ہو سکتی ہے اور مدت جب کنورشن کی جا سکتی ہے۔ | قابل اطلاق نہیں |
| vi | شریک کمپنی یا شریک انڈرٹیکنگ کو دیئے گئے قرضوں یا پیشگیوں کی واپس ادائیگی کا شیڈول اور شرائط وضوابط | اصل رقم کی ادائیگی ایک سال کے اندر معہ سود کی ادائیگی با قاعدہ ماہانہ بنیاد پر کی جائے گی۔ |

## کمپنیز (شریک کمپنیوں، یا شریک انڈرٹیکنگز میں سرمایہ کاری) ریگولیشنز 2017 کے رول (2) 4 کے تحت بیان

| نام انویسٹی کمپنی | لال پیر سولر (پرائیویٹ) لمیٹڈ | نشاط ہوٹلز اینڈ پراپرٹیز لمیٹڈ |
|---|---|---|
| منظور شدہ کل سرمایہ کاری | 270,270,000 روپے (دوسو ستر ملین دوسو ستر ہزار روپے صرف) کی ایکویٹی سرمایہ کاری 30 اپریل 2016ء کو منعقدہ AGM میں تین (3) سالوں کی مدت کیلئے ممبران کی طرف سے منظور کی گئی تھی۔ | 1,000,000,000 روپے (ایک بلین روپے صرف) کی قرض / پیشگی کے طریقہ سے سرمایہ کاری 26 اکتوبر 2017ء کو منعقدہ EOGM میں ممبران کی طرف سے منظوری کی تاریخ سے ایک (1) سال کی مدت کیلئے ممبران کی طرف سے منظور کی گئی تھی۔ |
| تا تاریخ کی گئی سرمایہ کاری کی رقم | کوئی نہیں | -/600,000,000 روپے |
| سرمایہ کاری کی منظور شدہ حد مدت سے فرق کی وجوہات، جہاں مخصوص مدت میں سرمایہ کاری کا فیصلہ لاگو کیا گیا تھا: | منظور شدہ حد مدت سے کوئی فرق نہیں | منظور شدہ حد مدت سے کوئی فرق نہیں |
| ایسی کمپنی میں سرمایہ کاری کی منظوری کیلئے منظور شدہ قرارداد کی تاریخ سے شریک کمپنی یا شریک انڈرٹیکنگ کے مالی حسابات میں مادی تبدیلی | لال پیر سولر پاور (پرائیویٹ) لمیٹڈ نے 500,000 روپے (پانچ سو ہزار روپے صرف) تک مالیت کے ہر ایک -/10 روپے کے 50,000 حصص کا پیڈ اپ شیئر کیپٹل جاری کیا ہے۔ 31 دسمبر 2017ء کو مختتمہ نصف سال کیلئے حالیہ دستیاب مالی حسابات کے مطابق مختتمہ نصف سال کا فی شیئر منافع 0.05 روپے ہے۔ | نشاط ہوٹلز اینڈ پراپرٹیز لمیٹڈ نے 9,600,000,000 روپے (نو بلین چھ سو ملین روپے صرف) مالیت کے ہر ایک 10 روپے کے 960,000,000 حصص کا پیڈ اپ شیئر کیپٹل جاری کیا اور فی حصص نقصان (0.23) روپے تھا۔ 31 دسمبر 2017ء کو مختتمہ نصف سال کیلئے حالیہ دستیاب مالی حسابات کے مطابق نقصان (171,458,988) روپے اور فی شیئر نقصان (0.18) روپے تھا۔ |